فوری ریلیز کے لیے: 2023/15/5 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے نیویارک کے شہریوں کو یاددہانی کروائی ہے کہ وہ نیویارک ریاستی مارکیٹ پلیس کے ذریعے احاطہ شدہ رہنے کے لیے کارروائی کر لیں***

***اہلیت کے ازسرنو تعین کے نوٹسز، Medicaid، چائلڈ ہیلتھ پلس، اور لازمی منصوبے میں اندراج شدہ نیویارک کے 9 ملین سے زیادہ شہریوں میں تقسیم کیے جا رہے ہیں جیسا کہ وفاقی قانون کے تحت اب اہلیت کے جائزوں کا تقاضا کیا جا رہا ہے تاکہ عوامی پروگرامز دوبارہ شروع کیے جائیں***

***نیویارک کے عوامی صحت کے بیمہ پروگرامز میں اندراج شدہ افراد کو آخری تاریخ تک اپنے بیمہ کی تجدید کروا لینی چاہیئے تاکہ صحت کی بیمہ کوریج میں کوئی خلا نہ آئے***

***NY ریاست برائے صحت مارکیٹ پلیس صارفین کی معاونت کے لیے تیار ہے، تاکہ صحت عامہ کی ہنگامی خدمت سے باہر منتقلی کے دوران کھلے انداز میں اندراج برقرار رکھا جائے***

گورنر Kathy Hochul نے آج صحت عامہ کے بیمہ پروگرامز میں اندراج کروانے والے 9 ملین سے زیادہ نیویارک کے شہریوں کے لیے صحت بیمہ کی تجدید شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے، اور نیویارک تیار ہے تاکہ صارفین کو کوریج کے تحت رکھنے میں مدد کی جائے۔ وفاقی کنسولیڈیٹڈ اپروپریشنز ایکٹ برائے 2023 کے تحت یہ تقاضا ختم کر دیا گیا ہے کہ لوگوں کو Medicaid، چائلڈ ہیلتھ پلس، اور ضروری پلان میں مسلسل اندراج شدہ رکھا جائے۔ وفاقی قانون کے تحت اب اہلیت کے جائزوں کا تقاضا کیا جا رہا ہے تاکہ عوامی پروگرامز بحال کیے جائیں۔ موجودہ طور پر ریاست میں اندراج شدہ افراد کو ان کی کوریج کی آخری تاریخوں سے پہلے تجدید کے نوٹس موصول ہوں گے جس میں تفصیلی ہدایات موجود ہوں گی کہ کوریج میں کیسے بدستور شامل رہا جائے اور کارروائی کرنے کے لیے ان کی آخری تاریخ کیا ہے۔

"نیو یارک کے شہریوں کا حق ہے کہ انہیں معیاری اور سستی نگہداشتِ صحت تک رسائی حاصل ہو، یہی وجہ ہے کہ میری انتظامیہ نے نیویارک کے شہریوں کی ریکارڈ تعداد تک صحت کے بیمے کی فراہمی کو ترجیح دی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمارے قومی سرکردہ نگہداشتِ صحت کے نظام کے ذریعے، ہم یقینی بناتے رہیں گے کہ ہماری ریاست میں ہر ایک کو بہترین دستیاب نگہداشت تک رسائی حاصل ہو اور میں نیویارک کے شہریوں پر زور دیتی ہوں کہ نیویارک عوامی صحت کے بیمہ پروگرامز میں اپنی کوریج کی تجدید کروائیں۔"

محکمہ صحت کے ساتھ مربوط رہتے ہوئے، شرکت کرنے والے صحت کے بیمہ منصوبے، نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان، اور ریاست بھر میں اندراج کرنے والا ہزاروں کی تعداد میں تصدیق شدہ عملہ تیار ہے تاکہ تجدید کے عمل کے ذریعے صارفین کی معاونت کی جائے اور نیویارک کے شہریوں کی بدستور کوریج کی جائے۔ محکمہ صحت نے وفاقی حکومت کی رہنمائی کا جائزہ لیا ہے؛ نظاموں میں بہتریاں لانے کے لیے منصوبے تیار کیے ہیں؛ وسائل اور عملے میں اضافہ کیا ہے؛ اور ریاستی اور وفاقی حکومت کے حکام، سماجی خدمات کے مقامی محکمہ جات، شراکت داروں، وکلا اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تعاون کیا ہے تاکہ نیو یارک کے شہریوں کے بیمہ پروگراموں میں تبدیلیاں لانے میں ان کی مدد کی جائے۔

**قائم مقام ریاستی کمشنر برائے صحت ڈاکٹر James McDonald نے کہا،** "COVID-19 نے نیویارک کے شہریوں کو زبردست جذباتی، جسمانی اور مالی نقصان پہنچایا ہے، اس لیے یہ ضروری ہے کہ ان کے پاس وہ تمام وسائل موجود ہوں جو انہیں عالمی وبا کے بعد درکار ہوں۔ محکمہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے کہ نیو یارک کے شہریوں کو کوریج حاصل رہے اور وہ صحت کی معیاری اور سستی کوریج تک رسائی حاصل کریں۔"

**ریاست نیویارک Medicaid کے ڈائریکٹر Amir Bassiri نے کہا،** "گزشتہ تین سالوں کے دوران، محکمہ صحت نے دیگر ایجنسیوں، اسٹیک ہولڈرز اور کمیونٹیز کے ساتھ مل کر، عالمی وبا کی وجہ سے آنے والے نقصان سے نمٹنے میں ریاست کی مدد کی ہے۔ عالمی وبا کے بعد نیو یارک میں بحالی کے طور پر، صحت بیمہ کی کوریج، تحفظات اور خدمات کو محفوظ بنانے کے لیے نیویارک کے سب سے زیادہ کمزور باشندوں کے لیے ہماری کوششیں جاری رہیں گی جو ان پر انحصار کرتے ہیں۔"

**ریاست نیویارک کی صحت کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Danielle Holahan نے کہا،** "عالمی وبا کے دوران، بے مثال معاشی اور صحت عامہ کی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر ریاست نیویارک برائے صحت نے نیویارک کے لاکھوں شہریوں کو مفت یا کم لاگت والا صحت کا بیمہ فراہم کیا ہے۔ ہم اس وقت تک آرام سے نہیں بیٹھیں گے جب تک ہم اس بات کو یقینی نہیں بنا لیتے کہ ہمارے تمام ممبران کو کوریج کے تحت رہنے کا ہر موقع دیا گیا ہے۔"

اگلے سال کے دوران، موجودہ اندراج شدہ افراد کو ان کی کوریج کی آخری تاریخ کی بنیاد پر تجدید کے نوٹس موصول ہوں گے۔ کوریج کی 30 جون کی آخری تاریخوں والے اندراج شدہ افراد کو اپنے تجدید کے نوٹس موصول ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ ریاست نیویارک برائے صحت کے اندراج شدہ افراد کو اپنے تجدید نوٹسز پر دی گئی ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے اور تجدید کی ونڈو کھلنے کے بعد کوئی بھی مطلوبہ اقدام کر لینا چاہیئے تاکہ صحت کی بیمہ کوریج میں کسی خلا سے بچا جا سکے۔ اپنے کاؤنٹی کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات یا نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (New York City Human Resources Administration, HRA) کے ذریعے اندراج شدہ اراکین کو ڈاک کے ذریعے تجدید کرنے کا ایک پیکٹ ملے گا اور انہیں اس پیکٹ میں بیان کردہ ہدایات اور آخری تاریخوں پر عمل کرنا چاہیئے تاکہ اپنی کوریج کی تجدید کر لی جائے۔

نیویارک کے ایسے شہری جن کی آمدنی اور دیگر خاندانی حالات عالمی وبا کے شروع ہونے کے بعد بدل چکے ہیں اور اب وہ مکمل طور پر سبسڈی والی عوامی کوریج کے اہل نہیں ہیں، تو ان کے لیے مفت یا کم لاگت والے صحت بیمہ کے اختیارات کی ایک وسیع رینج دستیاب ہے۔ کم آمدنی والے افراد کے لیے نیویارک کا لازمی منصوبہ نیو یارک کے شہریوں کے لیے منتقلی کو ہموار بنا دے گا جو کہ اب Medicaid کے لیے مزید اہلیت کے حامل نہیں ہیں اور بہتر وفاقی ٹیکس کریڈٹس کے ذریعے اہلیت یافتہ صحت منصوبے کی جانب منتقل ہونے والے افراد کے لیے کوریج کو مزید سستا بنایا جائے گا۔

ریاست نیویارک برائے صحت میں اندراج مئی 2024 تک کھلا رہے گا اس لیے ازسر نو تعین کاری کے عمل کے دوران اگر کسی بھی شخص کی Medicaid، چائلڈ ہیلتھ پلس، یا لازمی منصوبہ کوریج ختم ہو جاتی ہے، تو اس کے لیے ممکن ہو گا کہ وہ اہلیت یافتہ صحت منصوبے میں اندراج کروا سکے۔

نیویارک نے حالیہ برسوں میں، وفاقی کوششوں کے ساتھ مل کر، صحت بیمہ کی استطاعت اور رسائی کو بہتر بنانے کے لیے، غیر بیمہ شدہ شرحوں کو تاریخی طور پر کم سطح تک پہنچانے کے لیے بڑی پیش رفت کی ہے:

- ریاستی FY 2021 بجٹ میں، نیویارک نے FPL کے 200 فیصد تک کی آمدنی والے Medicaid کے اہل ثابت نہ ہونے والے بالغ افراد کے لیے لازمی منصوبے کے پریمیمز ختم کر دیئے ہیں؛
- 2021 میں، نیویارک نے FPL کے 200 فیصد سے زیادہ آمدنی والے نیویارک کے شہریوں کے لیے اہلیت یافتہ صحت کے منصوبے کی کوریج کے لیے بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس کی دستیابی تیزی کر دی ہے؛
- ریاستی FY 2023 بجٹ میں، نیویارک نے Medicaid میں حاملہ افراد کے لیے 12 ماہ کی بعد از زچگی کوریج کی توسیع کر دی ہے، چائلڈ ہیلتھ پلس پروگراموں میں FPL کے 222 فیصد یا اس سے کم آمدنی

والے بچوں کے پریمیمز ختم کر دیئے ہیں، اور FPL کے 138 فیصد پر تمام بالغ افراد کے لیے Medicaid کی اہلیت کی سطحیں ہم آہنگ کر دی ہیں؛

- ریاستی FY 2024 کے بجٹ میں، ریاست نے FPL کے 250 فیصد تک آمدنی والے زیادہ کم اور اعتدال پسند آمدنی والے نیویارک کے شہریوں کے لیے لازمی منصوبے کو وسعت دینے کے لیے وفاقی رعایت حاصل کرنے کے اپنے ارادے کو دہرایا ہے، جو کہ Medicaid سے اس میں منتقل ہونے والے صارفین کے لیے منتقلی کو ہموار بنائے گا۔

ریاست نیویارک مارکیٹ پلیس کی اہلیت اور تجدید کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، نیو یارک کے شہریوں کو اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے دفتر سے رابطہ کرنا چاہیئے یا NY ریاست برائے صحت کی ویب سائٹ اور محکمۂ صحت کی Medicaid ویب سائٹ پر مزید معلوم کرنا چاہیئے۔ گورنر Hochul کا FY 2024 کا نافذ شدہ بجٹ ریاستی نگہداشتِ صحت کے نظام میں معاونت کرنے کے لیے اضافی 22$ بلین کی کثیر سالہ سرمایہ کاری فراہم کرتا ہے، جس میں فراہم کنندگان کے لیے نگہداشتِ صحت کیپیٹل فنڈنگ میں اضافی 1$ بلین اور نیو یارک کے کم آمدنی والے باشندوں کے لیے 7.8 ملین سے زائد Medicaid فوائد میں توسیع بھی شامل ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں